# 13-11-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے عالمی سرمایہ کاروں کو تلنگانہ میں سرمایہ کاری کی دعوت دی ہے۔

۲۔ ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی بہبود کی پابند ہے اور ان کو ہی جوابدہ رہے گی۔

۳۔ وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آر ٹی سی کو ہدایت دی ہے کہ وہ ٹکٹوں کے علاوہ دیگر ذرائع سے آمدنی میں اضافہ کیلئے اپنی کوششیں تیز کردیں۔

اور

۴۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 21 نومبر کو حیدرآباد کا دورہ کریں گی۔ نائب صدر رادھا کرشنن اتوار کو شہر کا دورہ کریں گے۔

COLD WAVE:

تلنگانہ کے بعض علاقوں میں آئندہ چند دنوں کے دوران اقل ترین درجہ حرارت معمول سے تین تا چار ڈگری کم رہنے کا امکان ہے۔ دفتر موسمیات نے آج اپنی رپورٹ میں بتایا کہ سابقہ عادل آباد ضلع کے کئی منڈلوں میں کل رات اقل ترین درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

PONNAM

وزیر ٹرانسپورٹ پونم پربھاکر نے آر ٹی سی کو ہدایت دی ہے کہ وہ ٹکٹوں کے علاوہ دیگر ذرائع سے آمدنی میں اضافہ کیلئے اپنی کوششیں تیز کردیں۔ انہوں نے کہا کہ مہالکشمی اسکیم سے کارپوریشن کو فائدہ ہوا ہے لیکن طویل مدتی مالی استحکام کیلئے آمدنی کے نئے ذرائع کی ضرورت ہے۔ وزیر ٹرانسپورٹ نے بتایا کہ اب تک خواتین نے 237 کروڑ مفت ٹکٹ حاصل کئے ہیں۔ حکومت نے اس کیلئے آر ٹی سی کو

7 ہزار 980 کروڑ روپے ادا کئے ہیں۔ آر ٹی سی کے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس میں انہوں نے آر ٹی سی سے کہا کہ وہ بسوں، اسٹیشنوں اور ٹکٹ سسٹم پر اشتہارات میں اضافہ کرے۔ انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ شہر کے تیزی سے پھیل رہے علاقوں میں نئے روٹس شروع کریں۔ عہدیداروں سے یہ بھی کہا گیا کہ وہ 2 ہزار نئی ای۔ بسوں کی آمد کیلئے تیار کریں، چارجنگ کے انفرااسٹرکچر کو بہتر بنائیں اور زیادہ مانگ والے کوریڈورس میں نئی بسیں چلائیں۔ آر ٹی سی کے ایم ڈی ناگی ریڈی نے اعلان کیا کہ چند ڈپوس میں نقصانات کی وجوہات کا جائزہ لینے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔

COUNTING:

حیدرآباد کے جوبلی ہلز اسمبلی حلقہ کے ضمنی انتخاب میں ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی کیلئے تمام انتظامات کر لئے گئے ہیں۔ کل صبح 8 بجے سے یوسف گوڑہ کے کوٹلہ وجئے بھاسکر ریڈی اسٹیڈیم میں ووٹوں کی گنتی شروع ہوگی۔ اس کیلئے سخت حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔ انتخابی حکام نے گنتی کیلئے 42 میزوں کا انتظام کیا ہے۔ گنتی کا پورا عمل 10 راؤنڈس میں مکمل کر لیا جائے گا۔ چیف الیکٹورل آفیسر سی سدرشن ریڈی نے بتایا کہ ضمنی انتخاب میں 48.49 فیصد رائے دہی ریکارڈ کی گئی۔ بھارت راشٹر سمیتی کے رکن اسمبلی ماگنٹی گوپی ناتھ کے انتقال کی وجہ سے ضمنی انتخاب کی ضرورت پیش آئی۔ اِس ضمنی انتخاب میں جملہ 58 امیدوار میدان میں ہیں۔

RAMCHANDER RAO:

بی جے پی ریاستی صدر رام چندر راؤ نے کہا ہے کہ قوم دشمن طاقتیں پاکستان کی ایماء پر ملک کے امن کو درہم برہم کرنے کی کوششیں کر رہی ہیں۔ رام چندر راؤ نے دہلی دھماکہ کے پیچھے حقیقی منصوبہ کو بے نقاب کرنے پر تحقیقات اداروں کی کوششوں کو سراہا۔ اس دھماکہ میں 12 افراد ہلاک ہوئے تھے۔ انہوں نے

کہا کہ دہلی میں پیر کو ہوا دھماکہ قوم دشمن طاقتوں کی دہشت گرد کارروائی تھا۔انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ غلط اطلاعات نہ پھیلائیں اور سوشل میڈیا پر پوسٹ کرتے ہوئے احتیاط سے کام لیں۔

CM:

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ بھارت کی سب سے نئی، سب سے زیادہ متحرک اور کامیاب ریاست ہے۔انہوں نے کہا کہ حیدرآباد ملک کے بیچوں بیچ واقع ہے اور یہ شہر محفوظ ہے اور اپنے سازگار موسم اور عالمی سطح کے انفرااسٹرکچر کیلئے جانا جاتا ہے۔انہوں نے عالمی سرمایہ کاروں کو دعوت دی کہ وہ تلنگانہ کی ترقی کی کوششوں میں حصہ دار بنیں۔ دہلی میں آج سالانہ یوایس انڈیا اسٹراٹیجک پارٹنرشپ فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آنے والے برسوں میں ان کی ترجیحات میں خواتین کو معاشی طور پر بااختیار بنائیں، معیاری تعلیم اور ہنرمندی اور حیدرآباد کو حقیقی معنوں میں عالمی درجہ کا شہر بنانا شامل ہے۔انہوں نے عالمی سطح پر ممتاز تعلیمی اداروں کو دعوت دی کہ وہ حیدرآباد میں اپنے کیمپس قائم کریں۔ چیف منسٹر نے کہا کہ بھارت فیوچر سٹی، موسیٰ ندی کا احیاء، ریجنل رنگ روڈ، ریڈیئل روڈس، حیدرآباد میٹرو کی توسیع اور نئے ڈرائی پورٹ کی تعمیر جیسے اقدامات تلنگانہ کے شہری اور صنعتی نقشہ کو بدل دیں گے۔ تلنگانہ کو سال 2034ء تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے اور 2047ء تک تین ٹریلین کی معیشت بنانے کے لئے سرمایہ کو راغب کرنے کی چیف منسٹر کی کوششوں کو عالمی تجارتی قائدین نے سراہا۔

DRAFT SEED BILL

مرکزی حکومت نے سیڈس بل 2025ء کا مسودہ تیار کیا ہے۔ اس مسودہ کو موجودہ زرعی اور قانونی ضروریات سے ہم آہنگ رکھا گیا ہے۔ وزارت اور کسانوں کی بہبود کی مرکزی وزارت نے کہا ہے کہ مجوزہ قانون موجودہ سیڈس ایکٹ 1966ء اور سیڈس کنٹرول آرڈر 1983ء کی جگہ لے گا۔ وزارت نے

کہا کہ اس نئے بل کے ذریعہ کسانوں کے حقوق کا تحفظ کیا جائے گا اور بیجوں کی سربراہی کے پورے عمل میں شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنایا جائے گا۔ وزارت نے بتایا کہ اِس بل کے ذریعہ بیجوں کے معیار کو بھی یقینی بنایا جائے گا۔ اس کے علاوہ کسانوں کو سستے داموں پر اعلیٰ معیاری بیج دستیاب ہوں گے۔ اس قانون سے نقلی اور غیر معیاری بیجوں کی فروخت کی روک تھام میں مدد ملے گی۔ اس کے ذریعہ کسانوں کو نقصانات سے بچایا جاسکے گا اور انہیں زائد فوائد حاصل ہوں گے۔ وزارت نے بل کے مسودہ پر تمام متعلقہ افراد اور اداروں سے تجاویز اور مشورے طلب کئے ہیں۔ عوام آئندہ مہینہ کی 11 تاریخ تک سرکاری ویب سائٹ پر اپنے تجاویز پیش کرسکتے ہیں۔

FACT CHCEK

مرکزی حکومت نے سوشل میڈیا پر پھیلائی جارہی ان اطلاعات کی تردید کی ہے کہ مرکز نے فینانس ایکٹ 2025ء کے تحت وظیفہ یاب ملازمین کیلئے ڈی اے میں اضافہ اور پے کمیشن کی جانب سے تنخواہوں پر نظر ثانی جیسے فوائد واپس لے لئے ہیں۔ پریس انفارمیشن بیورو کی فیکٹ چک یونٹ نے اطلاع دی ہے کہ یہ دعوے بے بنیاد ہیں۔ اس نے وضاحت کی کہ حکومت نے وظیفہ یاب ملازمین کیلئے ایسی کسی تبدیلیوں کا اعلان نہیں کیا ہے۔

BHATTI:

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامار کہ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کی بہبود کی پابند ہے اور ان کو ہی جوابدہ رہے گی۔ کھمم ضلع کے مدھیرا حلقہ کے مودی گنڈہ منڈل میں ایک جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یاددہانی کرائی کہ ریاست پر 10 سال حکمرانی کرنے والوں نے ایک وقت یہ دعویٰ کیا تھا کہ ان کے بغیر ریاست تاریکی میں ڈوب جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے ایک ایسا نظام بنایا ہے جس کے ذریعہ برقی کی مانگ بڑھ جانے کی صورت میں بھی بلا رکاوٹ برقی کی سربراہی جاری رہے گی۔

انہوں نے کہا کہ کانگریس کی حکومتوں نے ہی برقی کی پیداوار کی اور کسانوں کو مفت برقی فراہم کی ۔ ڈپٹی چیف منسٹر نے کہا کہ اب کانگریس کی حکومت ہی گھریلو صارفین کو 200 یونٹ مفت برقی سربراہ کررہی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے تحت استفادہ کنندگان جس تیزی سے اپنے مکانات تعمیر کریں گے اسی تیزی سے ان کے بل بھی ادا کیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلہ کے تحت ہر اسمبلی حلقہ میں 3 ہزار 500 مکانات تعمیر کیئے جارہے ہیں۔ اس طرح تمام حلقوں میں ساڑھے چار لاکھ مکانات کی تعمیر ہورہی ہے۔ پروگرام میں شرکت کیلئے جاتے ہوئے ڈپٹی چیف منسٹر نے اندراماں ہاؤزنگ اسکیم کے استفادہ کنندگان سے ملاقات کی اور اپنی مسرت کا اظہار کیا۔

VVIP Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 21 نومبر کو حیدرآباد کا دورہ کریں گی۔ ان کے دورہ کیلئے ضروری انتظامات کیئے جارہے ہیں۔ صدر جمہوریہ اُس دن دوپہر کو بیگم پیٹ ایرپورٹ پہنچیں گی اور راج بھون میں مختصر قیام کے بعد راشٹرپتی نیلائم بولارم میں بھارتیہ کلامہوتسوم میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی۔ رات کو راج بھون قیام کے بعد وہ اگلی صبح پوٹاپرتی کیلئے روانہ ہوجائیں گی۔ چیف سکریٹری کے راما کرشنا راؤ نے اعلیٰ عہدیداروں کے ساتھ صدر جمہوریہ کے دورہ کے انتظامات کا جائزہ لیا اور نہیں ہدایت دی کہ وہ اس دورہ کے ہر پہلو کا شخصی طور پر جائزہ لیں۔ اس دوران نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اتوار کو حیدرآباد پہنچیں گے۔ وہ دوپہر کو بیگم پیٹ ایرپورٹ پہنچیں گے اور راج بھون میں قیام کے بعد گورنر کی ہائی ٹی میں شرکت کریں گے اور بعد میں راموجی فلم سٹی میں منعقد ہونے والے ایک پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اسی رات وہ راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ سے دہلی کیلئے روانہ ہوجائیں گے۔

CRICKET - ODI

بھارت اے اور جنوبی آفریقہ اے کے درمیان پہلا غیر سرکاری ایک روزہ میاچ اِس وقت راج کوٹ میں کھیلا جا رہا ہے۔ جنوبی آفریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے بیاٹنگ کا فیصلہ کیا۔ تازہ خبریں ملنے تک جنوبی آفریقہ نے 40 اوورس میں 6 وکٹ کھوکر 213 رن بنا لئے۔

MAOISTS:

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں 11 نومبر کو سیکورٹی فورسس کے ساتھ ایک انکاؤنٹر میں ہلاک 6 ماؤنوازوں میں ممنوعہ سی پی آئی ماؤسٹ کی لیڈر اور سینئر لیڈر پاپا راؤ کی بیوی اورمیلا اور بچنا کوڑیم شامل ہیں۔ ایک اعلیٰ پولیس عہدیدار نے بتایا کہ بیجاپور ضلع کے اندراوتی نیشنل پارک کے جنگلاتی علاقہ میں ان 6 ماؤنوازوں کو گولی مار کر ہلاک کر دیا گیا۔ ڈسٹرکٹ سپرنٹنڈنٹ آف پولیس جتندر یادو نے بتایا کہ ان ماؤنوازوں کے سر پر جملہ 27 لاکھ روپے کا نقد انعام تھا۔

○○